سوال

(179)جبریہ۔قدریہ کون ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جبریہ۔قدریہ کون ہیں۔ان میں سے صحیح مذہب کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جبریہ اس فرقے کوکہتے ہیں۔جو انسان کے افعال میں مجبور محض کہتے ہیں۔اور قدریہ اس کو کہتے ہیں۔جو تقدیر الٰہی کے منکر ہیں۔یہ لوگ کہتے ہیں کہ انسانی افعال میں خدا کی تقدیر کو دخل نہیں۔اہل سنت کے تمام فرقے ان دونوں فرقوں کے درمیان درمیان ہیں۔وہ کہتے ہیں۔الٰہی تقدیر کے ماتحت انسان فاعل مختار رہے۔خدا کا عم جو جمیع کائنات کو شامل ہے۔اس کا نام تقدیر ہے۔جو کام جس طرح علم الٰہی میں آیا ہے۔ویسا ہی ہوگا۔اور اس کو انسان مثل پتھر کے بے حس اور بے ارادہ نہیں ہے۔بلکہ زی حس اور زی ارادہ ہے۔اور یہ حس بھی خدا نے اس کو دی ہے۔انا ھدینا والی آیت بھی بتاتی ہے۔کیونکہ اس میں زکر ہے کہ خدا نے ہر ایک انسان کو نیک وبد کی راہ سمجھا دی ہے۔اس کے بعد وہ اپنے ارادے سے یا تو شکر گزار رہے یا ناشکرہ ماتشاؤن کے معنی یہ ہیں۔کہ جب تک خدا کی طرف سے کسی کام میں تم کو مدد نہ ملے تم کامیاب نہیں ہوسکتے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص369

محدث فتویٰ